مہرشی دیانند سرسوتی یونیورسٹی، اجمیر

مجوزہ تحقیقی کام کا ابتدائی خاکہ

۱ - نام - محمد عاطف صدیقی

۲ - عنوان - فرہنگ اصطلاحات قواعد

۳ - ادارہ - گورنمینٹ پی جی کالج، ٹونک

۴ - تعارف، اہمیت اور مقاصد:

اردو میں مختلف شخصیات یا اصناف پر تحقیق کرنا ایک عام رجحان ہے لیکن بعض بنیادی موضوعات پر تحقیق کا کام ابھی باقی ہے۔ انھی میں سے ایک قواعد کی اصطلاحات کی فرہنگ ترتیب دینا بھی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ہمارے بزرگوں نے قواعد کی بہت سی کتابیں لکھی ہیں اور ان میں اصطلاحات کے معنی بھی بیان کئے ہیں لیکن قواعد کی کتاب لکھنا ایک الگ بات ہے اور فرہنگ اصطلاحات قواعد ترتیب دینا ایک بالکل جدا نوعیت کا کام ہے۔ ظاہر ہے کہ قواعد کی کتاب میں قواعد کے اصول بیان کرنا مقصود ہوتا ہے۔ ایک قواعد نگار کہیں کہیں بعض اجنبی اصطلاحات کے معنی بھی بیان کر دیتا ہے لیکن چونکہ فرہنگ نویسی اُس کا مقصد نہیں ہے لہٰذا اردو میں یہ کام اب تک نہیں ہو پایا ہے۔

قواعد کی اصطلاحات کو ایک جلد میں جمع کرنا، انہیں الف بائی ترتیب سے لغت کے اصولوں پر مرتب کرنا، اصطلاح کے درست معنی درج کرنا اور اگر علماء میں اختلاف ہو تو حتی الامکان اِس اختلاف کو دور کرنا وغیرہ ایسے کام ہیں جو قواعد کی کتاب سے نہیں فرہنگ ہی سے پورے کئے جا سکتے ہیں۔

اصطلاحات کی فرہنگ کی بنیادی اہمیت یہ ہے کہ جملہ اصطلاحات ایک ہی جلد میں جمع ہو جاتی ہیں۔ انہیں تلاش کرنا آسان ہو جاتا ہے...... اس سے متعلق تحقیق بھی فرہنگ میں دستیاب ہوتی ہے۔ چونکہ اردو میں یہ کام ابھی تک نہیں کیا گیا ہے لہٰذا اس تحقیق کی اشد ضرورت ہے۔

۵- سابقہ معلومات:

ہماری تحقیق سے قبل قواعد کی اصطلاحات سے متعلق کوئی کام علیحدہ سے نہیں کیا گیا ہے لیکن اردو کی تمام کتب قواعد میں اصطلاحات کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ چونکہ الگ الگ کتابوں میں الگ الگ مصنفین نے اپنی اپنی فہم کے مطابق مشکل اصطلاحات کا انتخاب کر کے تفہیم کی کوشش کی ہے اس لئے یہ کام پوری طرح بکھرا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ اصطلاحات کے تلفظ اور املا پر کوئی خاص کام نہیں کیا گیا ہے۔ اس طرح سابقہ کام قواعد کے اصولوں پر مبنی ہے، قواعد کی اصطلاحات کی بحث پر نہیں۔

۶- تحقیقی ضرورتیں:

سابقہ کتب میں صرف قواعد کے اصولوں کو بیان کیا گیا ہے لہٰذا اصطلاحات کے حوالے سے درج ذیل ضرورتیں باقی ہیں۔

(۱) جملہ اصطلاحات کو ایک جلد میں جمع کرنا

(۲) جملہ اصطلاحات کو فرہنگ کے طور پر ترتیب دینا۔

(۳) جملہ اصطلاحات کا صحیح املا اور تلفظ درج کرنا۔

(۴) جملہ اصطلاحات کے معنی بیان کرنا۔

(۵) جملہ اصطلاحات کی مثالیں فراہم کرنا۔

۷- تحقیق سے متعلق قیاس:-

اس تحقیق کا نتیجہ طے شدہ ہے کیونکہ اس کا مقصد پہلے سے طے ہے یعنی قواعد کی اصطلاحات کی فرہنگ ترتیب دینا لہٰذا HYPOTHESIS کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

۸ - تحقیقی طریقۂ کار :-

اس تحقیق کے لئے درج ذیل اقدامات مطلوب ہوں گے۔

(۱) اردو کی تمام نئی اور پرانی قواعد کی کتب اور ان سے متعلق جملہ تحقیق اور تنقید کی کتابوں اور مضامین وغیرہ کو جمع کرنا۔

(۲) اردو قواعد کی تمام اصطلاحات کو یکجا کرنا۔

(۳) جملہ اصطلاحات کو لغت کے اصولوں پر ترتیب دینا۔

(۴) تمام اصطلاحات کے تلفظ اور املا درج کرنا۔

(۵) تمام اصطلاحات کے درست معنی درج کرنا۔

(۶) اگر اصطلاحات کے معنی میں کوئی اختلاف ہو تو اسے درج کرتے ہوئے صحیح نتیجے تک پہنچنا۔

(۷) تمام اصطلاحات کی مثالیں فراہم کرنا۔

(۸) اردو میں قواعد نویسی، اس کی اصطلاحات اور ارتقا سے متعلق تاریخ کو بیان کرنا۔ اردو میں مستعمل فارسی، عربی، ہندی، انگریزی یا دیگر زبانوں سے لی گئی اصطلاحات کی نشاندہی کرنا۔

(۹) ایک مبسوط مقدمہ، تحقیقی عوامل اور اشاریہ فراہم کرنا۔

(۱۰) جملہ لغات و فرہنگ اور فہرست کتب فراہم کرنا۔

۹ - کتابیات کے حوالے کی فہرست

نمبر شمار	کتاب کا نام	مصنف	ناشر	سالِ اشاعت
۱	نئی اردو قواعد	عصمت جاوید	--	۱۹۸۵
۲	زبان اور قواعد	رشید حسن خاں	N.C.P.U.L. نئی دہلی	۲۰۰۱
۳	اردو زبان و قواعد	شفیع احمد صدیقی	مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، نئی دہلی	۱۹۹۷

۴	خالد اردو قواعد	اے-ایچ-خان	خالد بک ڈپو، کوئٹہ	۲۰۱۲
۵	اردو صرف و نحو	مولوی عبد الحق	انجمن ترقی اردو نئی دہلی	۲۰۰۹
۶	آبِ حیات	محمد حسین آزاد	اتر پردیش اردو اکیڈمی	۱۹۸۶
۷	نکات الشعراء	میر تقی میر	نظامی پریس، بدایوں	۱۹۶۶
۸	مقدمہ شعر و شاعری	الطاف حسین حالی	سر سید بکڈپو، علی گڑھ	۱۹۷۶
۹	دریائے لطافت	انشاء اللہ خاں انشاء	--	--
۱۰	جدید اردو گرامر	مرزا مسرت	سنگِ میل پبلیکیشن	۱۹۹۷

انگریزی کتب:

نمبر شمار	کتاب کا نام	مصنف	ناشر	سالِ اشاعت
۱	دی لٹریری سیمبول	ڈبلیو یورک ٹنڈل	نیویورک	۱۹۵۵
۲	دی موڈرن رائٹر اینڈ ہس ورلڈ	جی ایس فریزر	بمبئی	۱۹۶۱
۳	دی میکنگ آف لٹریچر	آر اے اسکوٹ-جیمس	لندن	۱۹۵۸
۴	ہسٹری آف اردو لٹریچر	ٹی گراہم بیلی	کلکتہ	۱۹۳۲
۵	اے کریٹیکل سروے آف دی ڈوپلمینٹ آف دی اردو نویل اینڈ شارٹ اسٹوری	شائستہ اختر بانو سوہروردی	لندن	۱۹۴۵
۶	این اسیسمینٹ آف ٹوینٹیتھ سنچوری لٹریچر	جے اساکسز	لندن	۱۹۵۲

اردو اخبارات اور رسائل:

نمبر شمار	نام	ایڈیشن	مقام اشاعت
۱	آج کل (ماہانہ)	دسمبر ۱۹۶۴	دہلی
۲	عصری ادب، نمبر ۸	۱۹۵۸	دہلی
۳	فکر و نظر	جولائی ۱۹۶۴	علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
۴	ہماری زبان	اپریل ۱۹۶۸	علی گڑھ
۵	نیا دور (ماہانہ)	اگست ۱۹۶۳	لکھنؤ
۶	شاعر (کرشن چندر نمبر)	۱۹۶۸	بمبئی
۷	فکر و تحقیق	۱۹۹۵	N.C.U.P.L. دہلی
۸	ایوان اردو	[illegible]۰	اردو اکیڈمی، دہلی
۹	اردو دنیا	۱۹۹۶	N.C.U.P.L. دہلی
۱۰	نخلستان	۱۹۹۸	راجستھان اردو اکیڈمی، جے پور

اردو لغات

(۱) فرہنگ آصفیہ

(۲) نور اللغات

(۳) فیروز اللغات

(۴) لغات کشوری

انٹرنیٹ سورس

www.google.com
www.urdudost.com
www.urducouncil.nic.in
www.kitabghar.com
www.wikipida.org
www.getbookee.org
www.amu.ac.in
www.jamiamanzoor.com

Signature of the Candidate with date

Out Line Approved

(Dr. Arshad Hasan)
20.11.14

Supervisor
Head, Dept. of Urdu
Govt. P.G. College, Tonk